SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XIV مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.XIV OF 1984

سندھ سول سرونٹس ولفیئر فنڈ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE SINDH CIVIL SERVANTS WELFARE FUND (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس VIII کی دفعہ ۱ کی ترمیم

Amendment of Section 1 of Sindh Ordinance VIII of 1979

۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس VIII کی دفعہ۲کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sindh Ordinance VIII of 1979

۴۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس VIII کی دفعہ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of Sindh Ordinance VIII of 1979

۵۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس VIII کے شیڈول کی ترمیم

Amendment of the Schedule to Sindh Ordinance VIII of 1979

سندھ آرڈیننس نمبر XIV مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.XIV OF

1984

سندھ سول سرونٹس ولفیئر فنڈ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE SINDH CIVIL SERVANTS WELFARE FUND (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۱۷ ستمبر ۱۹۸۴]

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ سول سرونٹس ویلفیئر فنڈ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ سول سرونٹس ویلفیئر فنڈ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پروویزنل کنسٹیٹوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ سول سرونٹس ویلفیئر فنڈ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور پہلی جولائی ۱۹۸۳ سے نافذالعمل سمجھا جائے گا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس VIII کی دفعہ ۱ کی ترمیم

Amendment of Section 1 of Sindh

۲۔ سول سرونٹس ویلفیئر فنڈ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۱ کی ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ ‘‘گریڈ یا’’ کو ختم کیا جائے گا۔

Ordinance VIII of 1979

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس VIII کی دفعہ۲کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sindh Ordinance VIII of 1979

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲ میں:

(i) شق (a) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل بنایا جائے گا:

"(a) "بنیادی اسکیل" مطلب حکومت کی طرف سے منظور شدہ ادائگی کا بنیادی اسکیل جس میں عہدہ یا عہدوں کا گروپ رکھا گیا ہے؛

(aa) "سول سرونٹ" مطلب ایک سول سرونٹ جیسے سندھ سول سرونٹس ایکٹ، ۱۹۷۳ میں بیان کیا گیا ہے؛"۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس VIII کی دفعہ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of Sindh Ordinance VIII of 1979

(ii) شق (e) کو ختم کیا جائے گا۔

۴۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۳ میں، لفظ "گریڈ" جہاں بھی آئے، الفاظ "بنیادی اسکیل" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس VIII کے شیڈول کی ترمیم

Amendment of the Schedule to Sindh Ordinance VIII

۵۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول میں:

(a) لفظ "گریڈ" جہاں بھی آئے، الفاظ "بنیادی اسکیل" سے متبادل بنایا جائے گا؛ اور

(b) لفظ "گریڈز" جہاں بھی آئے، الفاظ "بنیادی

of 1979

اسکیلز" سے متبادل بنایا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔